Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, April 2021

Paper : MAUR104CCT : Classiki Asnaaf-e-Sher

پرچہ : کلاسیکی اصناف شعر

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مثنوی عام طور پر کتنی بحروں میں کہی جاتی ہے؟

(a)سات (b)دو (c)چار (d)آٹھ

(ii) گلزار نسیم میں کس شہر کی تہذیب وثقافت کی مرقع کشی کی گئی ہے؟

(a)عظیم آباد (b)لکھنؤ (c)الہ آباد (d)دہلی

(iii) تاج الملوک اور زین الملوک کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(a)زہر عشق (b)دریائے عشق (c)گلزار نسیم (d)سحر البیان

(iv) اُٹھ گیا بہمن ودے سے چمنستان کا عمل

مذکورہ بالا قصیدہ کس کی شان میں کہا گیا ہے؟

(v) تشبیب کے اشعار میں کیا بیان ہوتا ہے؟

(vi) میر ضمیر اور میر خلیق نے مرثیہ کے لیے کون سی ہیئت مقرر کی؟

(a)رباعی (b)مسدس (c)مثلث (d)مستزاد

(vii) حالؔی نے کس طرح کے مرثیوں کی بنیاد ڈالی؟

(a)شخصی (b)انفرادی (c)اجتماعی (d)کوئی نہیں

(viii) مندرجہ ذیل میں کون رباعی گو کی حیثیت سے مشہور ہے؟

(a)مرزا غالبؔ (b)میر تقی میرؔ (c)ناصرؔ کاظمی (d)امجدؔ حیدرآبادی

(ix) ’’بلبلِ ہند مر گیا ہیہات‘‘۔ یہ مصرعہ کس نے کس کے لیے کہا تھا؟

(x) ’’دکنی ادب میں قصیدے کی روایت‘‘ کس کی تصنیف ہے؟

(a) ابومحمد سحر (b) گیان چند جین (c) سیدہ جعفر (d) محمود الٰہی

حصہ دوم

2: مثنوی گلزار نسیم کے مرکزی کرداروں کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

3: مثنوی کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی نمائندہ خصوصیات تحریر کیجیے۔

4: ’’قصیدہ ہمارے ماضی کی یادگار صنف سخن ہے‘‘۔ اس خیال کی روشنی میں صنف قصیدہ کی اہمیت وافادیت کا تجزیہ کیجیے۔

5: غالبؔ کی قصیدہ نگاری پر تنقیدی تبصرہ کیجیے۔

6: مرثیے کی اجزائے ترکیبی بیان کرتے ہوئے اردو میں مرثیہ نگاری کی تاریخ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

7: رباعی کسے کہتے ہیں؟ اردو کے اہم رباعی گو شعرا پر نوٹ لکھیے۔

8: حالیؔ کے ’’مرثیۂ غالبؔ‘‘ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔

9: نصاب میں شامل کسی شاعر کی ایک رباعی تحریر کیجیے۔

حصہ سوم

10: دکن میں اردو مثنوی کے آغاز وارتقا سے بحث کیجیے۔

11: قصیدے کی لفظی، لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی کا جائزہ لیجیے۔

12: اردو میں مرثیہ نگاری کے عنوان سے مضمون تحریر کیجیے۔

13: رباعی کی تعریف بیان کرتے ہوئے اردو میں رباعی نگاری کی صورتحال کا تجزیہ کیجیے۔

14: مثنوی ’’زہر عشق‘‘ کا خلاصہ اپنی زبان میں تحریر کیجیے۔

☆☆☆